**09.06.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ آسیہ میمونہ

**Music**

☆ وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ NDA سرکار سب کا ساتھ، سب کا وکاس، سب کا وشواس اور سب کا پریاس کے اصول کے ساتھ بڑے پیمانے پر تیز رفتار کے ساتھ بڑی تبدیلیاں لارہی ہے۔

☆ BJP صدر جگت پرکاش نڈا نے کہا ہے کہ وزیراعظم نریندرمودی کی زیر قیادت حکومت نے کارکردگی کی سیاست اور حالات کے تقاضے کے مطابق سرکار فراہم کرکے سیاسی کلچر کو بدل دیا ہے۔

☆ چھتیس گڑھ میں ماؤ نوازوں کے دیسی ساخت کے بم دھماکے میں پولیس کے ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ آکاش راؤ Giripunje شہید ہوگئے۔

☆ اسرائیل نے غزہ جانے والے امدادی بحری جہاز کو روک کر Greta Thunberg اور دیگر ممتاز سرگرم کارکنوں کو حراست میں لیا ہے۔

☆ اور امریکہ میں لاس اینجلس میں نیشنل گارڈ کے سپاہیوں اور مظاہرین کے درمیان جھڑپیں تیسرے دن بھی جاری رہیں۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-GOVERNANCE-11YEARS**

وزیر اعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ 140 کروڑ بھارتی شہریوں کے آشرواد اور اجتماعی شمولیت سے ملک میں گزشتہ 11 سال میں مختلف شعبوں میں تیزی کے ساتھ بڑی بڑی تبدیلیاں آئی ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیراعظم نے کہا کہ سب کا ساتھ، سب کا وکاس، سب کا وشواس، سب کا پریاس، کے اصول پر چلتے ہوئے NDA سرکار نے بڑے پیمانے پر تیز رفتار کے ساتھ اور پورا خیال رکھتے ہوئے کایا پلٹ تبدیلیاں کی ہیں۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ معاشی ترقی سے لے کر سماجی بہتری تک عوام کی مرکوزیت والی جامع اور ہمہ جہت پیش رفت پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔x

**NADDA-11YEARS**

BJP کے صدر جگت پرکاش نڈّا نے کہا ہے کہ وزیراعظم نریندرمودی کی زیر قیادت سرکار نے کارکردگی کی سیاست لاکر اور ذمہ دار اور صورتحال کے عین مطابق کام کرنے والی سرکار دے کر ملک کے سیاسی کلچر کو بدل دیا ہے۔ مودی سرکار کے گیارہ سال مکمل ہونے کے سلسلے میں نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب نڈّا نے کہا کہ سرکار نے ملک کا سیاسی منظر نامہ بدل کر ایک نیا پیمانہ طے کیا ہے۔ جناب نڈّا نے مرکز کی NDA سرکار کو جرأت مندانہ فیصلے کرنے والی ایک مؤثر سرکار قرار دیا۔ انھوں نے کہا کہ یہ عوام کی قیادت والی سرکار ہے اور اِس نے شفافیت کا نیا معیار طے کیا ہے۔ BJP صدر نے مزید کہا کہ گزشتہ گیارہ سال میں مودی سرکار نے وکست بھارت کی بنیاد رکھی ہے۔

جناب نڈّا نے الزام لگایا کہ 2014 سے قبل سابقہ سرکار بدعنوانی میں ملوث تھی اور منفی سوچ کا ماحول تھا۔ انھوں نے کہا کہ 2014 کے بعد اس میں تبدیلی آئی اور ملک میں پرامیدی کا جذبہ دیکھا گیا۔

**L-MURUGAN INDIA GLOBAL**

اطلاعات و نشریات اور پارلیمانی اُمور کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن نے کہا ہے کہ بھارت سابق صدرجمہوریہ ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کے خوابوں کی تکمیل کرتے ہوئے 2047 تک ایک عالمی سپر پاور بننے کی سمت آگے بڑھ رہا ہے۔ وہ آج پدوچیری اسمبلی کیلئے نیشنل اِی وِدھان Application کا افتتاح کیے جانے کے موقع پر اظہار کررہے تھے۔ ڈاکٹر مروگن نے وزیراعظم نریندرمودی کی قیادت میں ملک میں قابل قدر تبدیلیوں کو اجاگر کیا۔

انھوں نے کہا کہ گزشتہ دَس سال میں 27 کروڑ بھارتی شہریوں کو غربت سے باہر لایا گیا ہے اور ہر گھر تک بجلی پہنچ گئی ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ PM کسان اسکیم کے تحت گیارہ کروڑ سے زیادہ کسانوں کو سالانہ چھ ہزار روپے اُن کے بینک کھاتوں میں مل رہے ہیں۔x

**DEVENDRA JHAJHARIA**

مرکز میں NDA سرکار نے گیارہ سال مکمل کرلیے ہیں اور بھارت کے اسپورٹس شعبے میں بڑی تبدیلی آئی ہے۔ آکاشوانی نیوز کے ساتھ خصوصی گفتگو میں نامور پیرا ایتھلیٹ اور بھارت کی Paralympics کمیٹی کے صدر دیویندر جھاجھریا نے یہ کہتے ہوئے سرکار کے اقدامات کی ستائش کی کہ کھیلوں کے شعبے میں تاریخی نوعیت کے کام ہوئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ TOPS اسکیم کے تحت کھلاڑیوں کو عالمی درجے کی تربیت کی سہولیات مل رہی ہیں، جس سے ان کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ x

## MYGOV-CONTEST

وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں اچھی حکمرانی کے 11 سال مکمل ہونے کے موقع پر بھارتی عوام سے متعلق حکومت کے ایک پلیٹ فارم MyGov پر مقابلوں کی ایک سیریز کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ پچھلی دہائی کے دوران رونما ہوئی تبدیلیوں کا جشن منانے اور انہیں یاد رکھنے کیلئے اطلاعات ونشریات کی وزارت My Gov کے ساتھ مشترکہ طور پر ملک کے شہریوں کو ''بدلتا بھارت میرا Anubhav'' بلاگ لکھنے کے ایک مقابلے کیلئے مدعو کیا ہے۔ اس سلسلے میں درخواست جمع کرنے کی آخری تاریخ 20 جون ہے۔×

## CHHATTISGARH IED BLAST

چھتیس گڑھ میں ماؤنوازوں کے دیسی ساخت کے بم دھماکے میں پولیس کے ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ شہید ہوگئے۔ یہ واقعہ آج صبح Sukma ضلعے میں اُس وقت پیش آیا جب پولیس اہلکاروں کی ایک ٹیم نکسلیوں کی جانب سے بند کے نعرے کے مدنظر گشت پر تھی۔ Dondra گاؤں کے نزدیک نکسلیوں نے دیسی ساخت کا ایک دھماکہ خیز حربہ لگایا تھا، جو پھٹ پڑا۔ اِس واقعے میں Konta کے ASP آکاش راؤ Giripunje کی موت ہوگئی، جبکہ کچھ پولیس اہلکار زخمی ہوئے۔x

## MUMBAI TRAIN ACCIDENT

مہاراشٹر میں آج صبح ممبئی تھانے علاقے میں Local ٹرین کے ایک حادثے میں 4 مسافروں کی موت ہوگئی، جبکہ 13 افراد زخمی ہوئے۔ وسطی ریلوے کے ترجمان Swapnil Neela کے مطابق یہ واقعہ Mumbra اور Kalwa ریلوے اسٹیشنوں کے درمیان اُس وقت پیش آیا جب Kasara جاتے ہوئے ایک لوکل ٹرین کے دروازے پر سفر کرنے والے مسافر ایک دوسری لوکل ٹرین کے لوگوں سے ٹکرا گئے، جو چھترپتی شیواجی مہاراج Terminus جارہی تھی۔ اِس کے نتیجے میں کئی مسافر ریل پٹری پر جا گرے۔ اِس واقعے کی تحقیقات جاری ہے۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔ ریاست کے وزیراعلیٰ دیویندر فڑنویس نے اِس واقعے پر دُکھ کا اظہار کیا ہے۔x

## DELHI-CM

دلّی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا نے کہا ہے کہ دلّی سرکار نے شہر کی فضا کو بہتر بنانے کی خاطر اِس سیزن میں 70 لاکھ درخت لگانے کا نشانہ طے کیا ہے۔''ایک پیڑ ماں کے نام'' پہل کے تحت دلّی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا نے آج شالیمار باغ علاقے میں ایک سرکاری اسکول میں اپنی والدہ کی یاد میں سندور کا ایک پودا لگایا۔ محترمہ گپتا نے الزام لگایا کہ سابقہ سرکار نے دلّی سرکار کے پلیٹ فارم کے توسط سے کبھی بھی اِس پروجیکٹ کو آگے نہیں بڑھایا۔

**DELHI FIRE**

قومی راجدھانی میں مشرقی دلّی کے دلشاد گارڈن علاقے میں واقع ایک مکان کے نزدیک ای رکشہ کی بیٹری چارج کرنے کے مقام پر آگ لگنے سے دو افراد کی موت ہوگئی۔ آگ بجھانے کے لیے چار فائر ٹینڈرز کو وہاں بھیجا گیا۔ دو افراد اِس واقعے میں جھلس گئے تھے، جو زخموں کی تاب نہ لاکر چل بسے۔ اِن افراد کو GTB اسپتال لے جایا گیا تھا۔x

**BIRSA MUNDA DEATH**

آج بھگوان برسا منڈا کی 125 ویں برسی منائی جارہی ہے۔ جنہیں احترام کے ساتھ Dharti Aaba بھی کہا جاتا ہے۔ انھوں نے استحصال پر مبنی نوآبادیاتی نظام کے خلاف شدید مزاحمت کی قیادت کی تھی اور قبائلی طبقوں کے حقوق اور اُن کے وقار کیلئے جدوجہد کی تھی۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V-C AMAN

*برسا منڈا جھارکھنڈ کے Ulihatu میں 15 نومبر 1875 کو پیدا ہوئے، اُن کی ابتدائی تعلیم جرمن مشن اسکول میں ہوئی، لیکن جب انہیں یہ احساس ہوا کہ برطانوی حکومت کا مقصد قبائلی لوگوں کو تعلیم کے ذریعہ دوسرے مذہب میں منتقل کرنا ہے، تو انہوں نے پڑھائی چھوڑ دی۔ ان کے اس تجربے نے، انہیں Birsait نامی ایک نئے عقیدے کی طرف مائل کیا، جس نے قبائلی برادریوں کو اُن کے روایتی عقیدوں کی طرف واپس لانے اور برطانوی اثر کی مزاحمت کرنے کی حوصلہ افزائی کی۔ برسا منڈا کا سرگرم طرزِعمل Ulgulan تحریک کے درمیان عروج کو پہنچا، جو برطانوی حکام اور مقامی سطح پر زمین کے مالکان کے خلاف زمین اور وسائل کے سلسلے میں قبائلی لوگوں کے حقوق کو پھر سے بحال کرنے کی جدوجہد تھی۔ برسا منڈا کی وراثت، ملک بھر میں مسلسل قبائلی برادریوں کو تحریک دینے کا کام کررہی ہے۔ اُن کی زندگی اور جدوجہد کو ہر سال 15 نومبر کو اُن کے یوم پیدائش پر جن جاتیہ گورو دیوس کے طور پر منایا جاتا ہے۔ اِس دن کا مقصد قبائلی رہنماؤں کی خدمات اور ان کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنا اور جدید بھارت میں قبائلی ثقافت اور حقوق کے تحفظ کو فروغ دینا ہے۔*

*دلّی سے امن یادو کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں......محمد اعظم*

**ISRAELI FORCES GAZA BOUND AID SHIP**

اسرائیل کے فوجی دستوں نے آج غزہ جانے والے ایک امدادی بحری جہاز کو روکا ، جس میں آب و ہوا کے کاز کی سرگرم کارکن Greta Thunberg اور دیگر ممتاز بین الاقوامی سرگرم کارکن جارہے تھے۔ فورسز نے مسافروں کو حراست میں

لے لیا اور بحری جہاز کو اسرائیلی علاقے میں روک دیا۔ فریڈم Flotilla Coalition نام کی تنظیم نے غزہ میں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امدادی سامان پہنچانے کے لیے اِس مشن کا اہتمام کیا تھا۔ غزہ میں جاری لڑائی اور ناکہ بندی کی وجہ سے 21 لاکھ لوگوں کو شدید قلت کا سامنا ہے۔ x

**US-PROTEST**

کیلیفورنیا میں امیگریشن چھاپوں کے خلاف مظاہروں کے دوران لاس اینجلز کے اندرونی علاقوں میں نیشنل گارڈ کے فوجیوں کے ساتھ ایک ہزار سے زیادہ مظاہرین کی جھڑپیں ہونے کی اطلاع ملی ہے۔ امیگریشن اور کسٹمز محکمے کے اہلکاروں کے ساتھ نیشنل گارڈ سپاہیوں نے لوگوں کے ہجوم کو منتشر کرنے کیلئے آنسو گیس اور دھوئیں کے گرینیڈز کا استعمال کیا۔ اِس ٹکراوَ کے دوران کچھ مظاہرین اور صحافی زخمی ہوگئے۔ اُدھر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وزیر داخلہ اور وزیر دفاع کو ہدایت دی ہے کہ وہ امن و انتظام بحال کرنے کیلئے سبھی ضروری اقدامات کریں۔x

**DRDO DEFENCE TECH**

دفاعی تحقیق وترقی کی تنظیم DRDO کی مہاراشٹر کے شہر احمد نگر میں گاڑیوں سے متعلق تحقیق اور ترقی کے ادارے نے 9 طرح کے دفاعی نظام کی ٹیکنالوجیاں، 10 بھارتی صنعتوں کو منتقل کی ہیں۔ اِن میں کیمیاوی، جراثیمی، ریڈیو لاجیکل، نیوکلیائی، ٹوہ لینے والی گاڑی، Mounted Gun نظام، دہشت گردی کے خلاف کارروائی میں استعمال ہونے والی گاڑی اور فسادات پر کنٹرول کرنے والی Vajra گاڑی شامل ہیں۔ منتقلی کی اِس تقریب میں DRDO کے چیئرمین ڈاکٹر سمیر وی کامت نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر ڈاکٹر کامت نے DRDO اور متعلقہ صنعت کو، آپریشن سندور کے دوران، ملک ہی میں تیار کئے گئے نظام کی غیرمعمولی کارکردگی پر سراہا۔

**J&K HEAT WAVE**

جموں وکشمیر میں پورے جموں خطے میں درجۂ حرارت میں لگاتار اضافہ ہورہا ہے۔ سانبا میں یہ 43 اعشاریہ 9 ڈگری سیلسیس جبکہ جموں شہر میں 42 اعشاریہ 7 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ گزشتہ تین دِن سے خطے میں شدید گرمی پڑ رہی ہے اور پارہ 40 ڈگری سیلسیس سے اوپر چل رہا ہے۔

بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے پانچ دِن کے دوران جموں خطے میں تیز گرمی کی پیش گوئی کی ہے اور آج شام موسم میں معمولی تبدیلی کا امکان ظاہر کیا ہے۔

**SOUTH KOREA JAPAN**

جنوبی کوریا کے نئے منتخب صدر **Lee Jae Myung** نے آج جاپان کے وزیراعظم **Shigeru Ishiba** سے فون پر بات کی اور دونوں رہنماؤں نے باہمی تعلقات کو اور زیادہ مستحکم اور مضبوط بنانے سے اتفاق کیا۔ گزشتہ ہفتے کے وسط مدتی انتخابات میں جناب **Lee** کی کامیابی کے بعد سے دونوں رہنماؤں کی یہ پہلی براہ راست گفتگو ہے۔**x**

**PORTUGAL UEFA**

پرتگال دو مرتبہ **UEFA** نیشنز لیگ جیتنے والی پہلی ٹیم بن گئی ہے۔ پرتگال نے میونخ فٹبال **Arena** میں کھیلے گئے فائنل میں اسپین کو پینالٹی شوٹ آؤٹ میں تین کے مقابلے پانچ گول سے ہرا دیا۔ **Cristiano** رونالڈو نے ٹورنامنٹ میں اپنا آٹھواں گول کیا اور نیشنز لیگ کے فائنل میں اِسکور کرنے والے سب سے زیادہ عمر کے کھلاڑی بن گئے۔**x**

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆